Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے سینیٹ میں الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2024 کی منظوری کی شدید مذمت

الیکشن ایکٹ ترمیمی بل کی منظوری اور سپریم کورٹ کا الیکشن ٹریبونلز کی معطلی کا فیصلہ عام انتخابات میں کی گئی بدترین دھاندلی کو دفن کرنے کی ریاستی کوشش ہے، ترجمان تحریک انصاف

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سہولتکاری سے ملک میں آئین اور جمہوریت کے قتلِ عام اور جنگل راج کی راہ ہموار کی گئی،

بدترین انتخابی دھاندلی کو چھپانے کیلئے چیف جسٹس کی بالواسطہ اور بلاواسطہ کوششیں عوام میں پائے جانے والے اس تاثر کو وزن فراہم کرتی ہیں کہ چیف جسٹس قاضی فائز دھاندلی اور لاقانونیت پر کھڑے اس مکروہ نظام کی گارنٹی ہیں،

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے عدلیہ سے آراوز کے تقرر کی کوششوں کو سبوتاژ کرکے جان بوجھ کر کمپرومائزڈ انتظامی افسران کے ذریعے الیکشن کے انعقاد کا حکم دیا، ترجمان تحریک انصاف

قاضی فائز عیسیٰ نے ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو بلے کے انتخابی نشان سے محروم کرکے ملک کے 12.5 کروڑ ووٹرز کے آئینی حقِ رائے دہی کو غصب کیا، ترجمان تحریک انصاف

انتخابات میں دھاندلی اور فسطائیت کے جاری سلسلے کو کندھا فراہم کرنے کیلئے انسانی حقوق کی پامالیوں اور بدترین دھاندلی کی ہزاروں شکایات پر دانستہ طور پر آنکھیں بند کیے رکھیں، ترجمان تحریک انصاف

کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ نے اسٹیبلشمنٹ، نواز شریف، چیف الیکشن کمشنر اور اس شخص کے مابین گٹھ جوڑ کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے آئین اور قانون کے قتلِ عام میں معاونت کو بے نقاب کیا، ترجمان تحریک انصاف

چیف جسٹس آف پاکستان نے اپنے فیصلے کے ذریعے ہائی کورٹ کے محترم ججز کے خلاف توہین آمیز رویہ نظرانداز کرتے ہوئے ادارے کیساتھ کھڑے ہونے کی بجائے مینڈیٹ چوروں کی صف میں کھڑے ہونے کو ترجیح دی،

اسی مینڈیٹ چوری کی پردہ پوشی کیلئے چیف جسٹس ساتھی ججز کے واضح اصرار کے باوجود انتخابات میں دھاندلی پر تحقیقات کی درخواستوں پر سماعت سے گریزاں رہے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف اور ملک کے 12.5 کروڑ ووٹر آئین اور جمہوریت کیساتھ کھڑے ہیں اور کسی صورت پاکستان کو فردِ واحد اور اس کے گماشتوں کی چراہ گاہ نہیں بننے دیں گے، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن ایکٹ ترمیمی بل کی منظوری اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف ہر سطح پر مزاحمت جاری رکھیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ